https://www.mpboardonline.com

Serial Number

Roll No. ...................................

Total No. of Questions : 28

Total No. of Printed Pages : 8

# P-908

High School, Examination (Regular) - 2020

## اردو جنرل

## URDU (General)

Time : 3 Hours ] [ Maximum Marks : 100

https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

**ہدایات :**

(i) سبھی سوالات کے جواب لکھنا لازمی ہے۔

(ii) جوابات لکھتے وقت خوش خطی کا خاص خیال رکھیں۔

(iii) 'یا' کرکے دیے گئے سوالات میں سے کسی ایک سوال کا ہی جواب تحریر کریں۔

(iv) سوال نمبر 1 سے 5 تک معروضی سوالات ہیں۔

(v) تمام سوالات کے سامنے نمبر درج ہیں۔

**سوال 1:** صحیح جواب کا انتخاب کر کے لکھیے : [5]

(الف) کیشو نے کارنس پر انڈے دیکھے :

(i) چار (ii) دو

(iii) تین (iv) پانچ



https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

(ب) پورن مل امریکہ سے سیکھ کر لوٹا :

(i) لکڑی کا کام (ii) کپڑے کا کام

(iii) لوہے کا کام (iv) چمڑے کا کام

(ج) اجنتا کے غار پرانے ہیں تقریباً :

(i) بائیس سو سال (ii) آٹھ سو سال

(iii) دو سو سال (iv) پانچ سو سال

(د) ڈاکٹر ذاکر حسین ہمارے ملک کے تیسرے :

(i) وزیر تعلیم تھے (ii) صدر جمہوریہ تھے

(iii) وزیر تجارت تھے (iv) وزیر خارجہ تھے

(ہ) جدید نظم کی بنیاد ڈالی حالیؔ اور :

(i) میر امنؔ نے (ii) رتن ناتھ سرشارؔ نے

(iii) محمد حسین آزادؔ نے (iv) علامہ اقبالؔ نے

سوال 2: درج ذیل خالی جگہ کو دیے گئے الفاظ سے پُر کیجیے : [5]

(لکھنؤ، کوی، راج بھون، دکنی، باغ)

(i) نوابوں کے زمانے میں لکھنؤ میں چار بڑے ............... تھے۔

(ii) امیر خسروؔ کو ہندی والے اپنا ............... سمجھتے ہیں۔

(iii) جب دکن اور گجرات میں اس کا بول بالا ہوا تو ............... اور گجری کہلائی۔

(iv) ............... شمالی ہند کا ایک بہت مشہور شہر ہے۔

(v) حیات بخش کوٹھی میں اب ............... ہے۔



https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

سوال3: ایک جملے میں جواب دیجیے : [5]

(i) لکھنؤ کے آخری نواب کا نام کیا تھا ؟

(ii) آخری وقت میں نیک آدمی نے کتاب کا کیا کیا ؟

(iii) اجنتا کے غار بنانے میں کتنا عرصہ لگا ؟

(iv) لؤ کتنے بجے چل رہی تھی ؟

(v) جوتے کس سے بنتے ہیں ؟

سوال 4: درج ذیل جملوں کے آگے صحیح (✓) اور غلط (✗) کا نشان لگائیں : [5]

(i) بار بار اس کے گھر پہ جاتا ہوں۔ (   )

(ii) نظم کے معنی لڑی میں موتی پرونا ہیں۔ (   )

(iii) علامہ اقبالؔ بھوپال میں پیدا ہوئے۔ (   )

(iv) ہے کام کے وقت کام اچھا۔ (   )

(v) گیت ہندی شاعری کی ایک صنف ہے۔ (   )

سوال5: صحیح جوڑیاں بنائیں : [5]

| 'الف' | | 'ب' | |
|---|---|---|---|
| (i) | فورٹ ولیم کالج | (i) | علامہ اقبالؔ |
| (ii) | غزل کا سب سے اچھا شعر | (ii) | انتظام ترتیب وآرائش یکجا کرنا |
| (iii) | نظم کے لغوی معنی | (iii) | چار ہیں |
| (iv) | شاعرِ مشرق | (iv) | ترجمہ نگاری |
| (v) | نظم کی قسمیں | (v) | شاہ بیت یا بیت الغزل |

سوال6: نیک آدمی کہاں رہتا تھا ؟ [2]

"یا"

کیلاش مندر کس نے بنوایا تھا ؟



https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

سوال 7: بھکشو استوپ میں عبادت کے ساتھ اور کیا کام کرتے تھے؟ [2]

''یا''

شیاما اور کیشو کے والد کس کام میں مشغول رہتے تھے؟

سوال 8: ڈاکٹر ذاکر حسین کو کون کون سے خطاب سے نوازا گیا؟ [2]

''یا''

حضرت موسیٰ نے اپنی جوتیاں کہاں اتاری تھیں؟

سوال 9: ہریش اپنے اوقات کس طرح بسر کرتا تھا؟ [4]

''یا''

چمڑے سے کیا کیا بنتا ہے؟

نوٹ : درج ذیل اقتباس کو پڑھیے اور سوال نمبر (10، 11، 12) کے جواب لکھیے

مرزا غالبؔ نہایت ہی خوش مزاج انسان تھے۔ مرزا کے اخلاق نہایت وسیع تھے۔ وہ ہر ایک شخص جو اُن سے ملنے جاتا تھا بہت کشادہ پیشانی سے ملتے تھے۔ جو شخص ایک دفعہ ان سے مل آتا تھا اس کو ہمیشہ ان سے ملنے کا اشتیاق رہتا تھا۔ دوستوں کو دیکھ کر وہ باغ باغ ہوجاتے تھے اور ان کی خوشی سے خوش اور ان کے غم سے غمگین ہوتے تھے۔ اس لیے ان کے دوست، ہر ملّت اور ہر مذہب کے نہ صرف دہلی میں بلکہ تمام ہندوستان میں بے شمار تھے۔

سوال 10: درج بالا اقتباس کے سبق اور مصنف کا نام لکھیے: [2]

سوال 11: مرزا غالبؔ کا اخلاق کیسا تھا؟ [2]

سوال 12: وہ لوگوں سے کس طرح ملتے تھے؟ [2]

سوال 13: درج ذیل مصنفین میں سے کسی ایک مصنف کی سوانح حیات لکھیے: [4]

(i) الطاف حسین حالیؔ

(ii) ڈاکٹر ذاکر حسین

(iii) منشی پریم چند



https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

سوال14: درج ذیل اشعار میں سے کوئی دو اشعار کی تشریح کیجیے : [4]

(i) گر ہوا کا خوف دل میں لاؤ گے
زرد پتّوں کی طرح گر جاؤ گے

(ii) ہستی اپنی حباب کی سی ہے
یہ نمائش سراب کی سی ہے

(iii) جسے آپ گنتے تھے آشنا جسے آپ کہتے تھے باوفا
میں وہی ہوں مومنؔ مبتلا تمہیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو

سوال15: شاعر کے مطابق کس کی ممتا ایک سی ہوتی ہے؟ [2]

"یا"

انسان کی شان کس چیز سے قائم ہے؟

سوال16: مومنؔ کا خاندانی پیشہ کیا تھا؟ [2]

"یا"

غزل کس زبان کا لفظ ہے؟

سوال17: علامہ اقبالؔ کو سر کا خطاب کس حکومت نے دیا؟ [2]

"یا"

شاعر نے فضول خرچ کسے کہا ہے؟

https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com



https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

سوال18: درج ذیل بند کو پڑھ کر نیچے لکھے سوالوں کے جواب لکھیے : [4]

آتا ہے یاد مجھ کو گزرا ہوا زمانہ
وہ باغ کی بہاریں وہ سب کا چہچہانہ
آزادیاں کہاں اب وہ اپنے گھونسلے کی
اپنی خوشی سے آنا اپنی خوشی سے جانا

سوالات : (i) درج بالا بند کا عنوان اور شاعر کا نام لکھیے۔

(ii) شاعر کو کہاں کی آزادیاں یاد آرہی ہیں ؟

سوال19 : اپنی درسی کتاب میں سے کسی بھی نظم کی چار لائن لکھیے لیکن جو اس سوال نامہ میں شامل نہ ہو۔ [4]

سوال20 : انگریزوں نے کس نواب کو بادشاہ کا لقب دیا ؟ [2]

''یا''

ہندوستان کا دار السلطنت کیا ہے ؟

سوال21 : گنگا کو جمنا سے ملانے والی نہر کا نام کیا ہے ؟ اور اسے کس نے بنوایا تھا ؟ [2]

''یا''

ہندوستان میں عربوں کی آمد کس صدی میں ہوئی ؟

سوال22 : درج ذیل الفاظ کے واحد جمع لکھیے : ( کوئی چار ) [2]

چہرہ ، ورق ، افلاک ، اشجار ، صاحب ، محاورات

''یا''

درج ذیل محاوروں کے معنی لکھ کر جملوں میں استعمال کیجیے : ( کوئی دو )

(i) عید کا چاند ہونا (ii) آب آب ہونا (iii) ناک کٹنا



https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

سوال23: درج ذیل الفاظ کے مجموعے کے لیے ایک لفظ لکھیے: (کوئی چار) [2]

(i) خط لے جانے والا (ii) جہاں تعلیم دی جاتی ہے۔

(iii) جہاں علاج کیا جاتا ہے۔ (iv) وہ تحریر جس میں نصیحت کی جائے۔

''یا''

درج ذیل جملوں کو صحیح کر کے لکھیے:

(i) ہمیں صاف ستھرا رہنی چاہیے۔

(ii) بڑوں کا ادب کرنا ہمارا فرض ہے۔

(iii) پرندوں سے محبت ہوتا ہے۔

(iv) مجھے آج سبک یاد نہیں ہوا۔

سوال24: ''ہم معنیٰ'' الفاظ کسے کہتے ہیں اس کی تعریف مع مثال لکھیے: [4]

''یا''

درج ذیل الفاظ کے تضاد (الٹے) الفاظ لکھیے: (کوئی چار)

جہنم، نفرت، بڑھاپا، بدنصیب، خوشی، اچھا

سوال25: محاورہ کی تعریف لکھیے: [5]

''یا''

درج ذیل الفاظ کے مذکر مؤنث لکھیے: (کوئی پانچ)

بادشاہ، جوگن، مور، والدہ، محترم، ناظم، پہاڑ

سوال26: اپنے اسکول کے پرنسپل کو تین دن کی چھٹی کی درخواست لکھیے۔ [5]

''یا''

اپنے والد کو ایک خط لکھیے جس میں اپنے امتحان کی تیاری کے بارے میں بتایا گیا ہو۔



https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com

https://www.mpboardonline.com

سوال27: درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیے : [10]

(i) پسندیدہ کھیل

(ii) میرا اسکول

(iii) پسندیدہ شخصیت

(iv) سائنس کے کرشمے

(v) قومی تہوار

سوال28: درج ذیل غیر درسی اقتباس کو پڑھ کر نیچے لکھے سوالات کے جواب دیجیے : [5]

''قدرت نے کائنات کی ہر شے کو ایک مخصوص مقدار اور تناسب میں رکھا ہے؛ لیکن انسان نے اپنی ضروریات، عیش وعشرت اور خواہشاتِ نفسانی کی تسکین کے لیے اس قدرتی نظام کے توازن کو خراب کر دیا ہے۔ جس کے نتائج بھی وقتاً فوقتاً سیلاب، زلزلہ، طوفان، شدید گرمی، مختلف امراض ووباء کی شکل میں انسان کو ہی بھگتنا پڑتا ہے۔ نیتجتاً انسان کو ہلاکت اور بربادی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ اس لیے ہمیں تمام قدرتی وسائل کا استعمال ماحول کو نقصان پہنچائے بغیر کرنا چاہیے۔ ماحول کو آلودگی سے بچانے کے لیے اور عوام میں بیداری لانے کے لیے ہر سال 5 جون کو 'بین الاقوامی یومِ ماحولیات' منایا جاتا ہے۔''

سوالات : (i) قدرت نے کائنات کی ہر شے کو کس طرح رکھا ہے؟

(ii) انسان نے قدرتی نظام کے توازن کو کیوں خراب کر دیا ؟

(iii) ہمیں قدرتی وسائل کا استعمال کس طرح کرنا چاہیے؟

(iv) قدرتی توازن کے بگڑنے سے انسان کو کیا کیا بھگتنا پڑتا ہے؟

(v) ''بین الاقوامی یومِ ماحولیات'' کیوں اور کب منایا جاتا ہے؟

---



https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com
https://www.mpboardonline.com